نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب
۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور 21
Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر زراعت، لائیوسٹاک وچیئرمین پنجاب سیڈ کونسل سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت پنجاب سیڈ کونسل کے 60واں اجلاس کازراعت ہاؤس لاہور میں انعقاد
اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی شرکت
اجلاس میں گندم کی 5، کپاس کی 5، آلو کی 4 جبکہ دھان کی 6 نئی اقسام کے بیجوں کی منظوری دی گئی
وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں حکومت کاشتکاروں کو معیاری اور مستند بیج کی فراہمی کے لیے پر عزم ہے۔ صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی

لاہور، 25 فروری 2025:۔۔ صوبائی وزیر زراعت، لائیوسٹاک وچیئرمین پنجاب سیڈ کونسل سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں پنجاب سیڈ کونسل کا 60ویں اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے شرکت کی۔
اجلاس میں گندم کی 5 نئی اقسام چیمپئن، فلک، سویرا، وفاق اور چناب کے بیجوں کی منظوری دی گئی۔ کپاس کی 5 نئی اقسام تارا، ایف ایچ 416، نجبی پی ایف، سی ای ایم بی۔ اے اے ایس 3، آلو کی 4 نئی اقسام جبکہ دھان کی 6 نئی اقسام کی منظوری دی گئی۔
اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت، لائیوسٹاک اور چیرمین پنجاب سیڈ کونسل سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں حکومت کاشتکاروں کو معیاری اور مستند بیج کی فراہمی کے لیے پر عزم ہے۔ حکومت کا فوکس کسانوں کو جعلی اور ملاوٹ شدہ بیج سے نجات دلانا اور فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کرنا ہے۔ انھوں نے پنجاب سیڈ کونسل کو ہدایت کی کہ آئندہ ایسی کسی ورائٹی کی منظوری نہیں دی جائے گی جو پہلے سے مارکیٹ میں موجود ہو گی۔ صوبائی وزیر نے کپاس کی تمام اقسام کو شارٹ لسٹ کرنے اور ٹاپ 3 اقسام کو پیش کرنے کے احکامات بھی جاری کیئے۔ سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ وہ اصلاحاتی ایجنڈا کے تحت پنجاب سیڈ کارپوریشن کی بہتری کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے، تمام کام میرٹ پر کیے جانے چاہئیں۔ انھوں نے پنجاب سیڈ کونسل کا اجلاس اگلے ماہ مارچ میں بلانے اور مستقبل میں ہر تین ماہ بعد منعقد کرنے کی ہدایت کی۔
سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے اس موقع پر کہا کہ بیج کے کاروبار میں پرائیویٹ سیکٹر کا کلیدی کردار ہے۔ کوئی بھی پالیسی پرائیویٹ سیکٹر کی عدم موجودگی میں بنانا زرعی شعبہ کے مفاد میں نہیں۔
اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل ریسرچ ساجد الرحمان، ریجنل ڈائریکٹر فیڈرل سیڈ سرٹیفیکیشن محمد شفیق، ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر شمشاد اصغر وڑائچ، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، پنجاب سیڈ کونسل کے ممبران، سائنسدانوں اور دیگر افسران نے بھی شرکت کی۔

☆☆☆☆